# MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPT
# CANTONMENT BOARD SIALKOT

Aziz Shaheed Road, Sialkot Cantt Ph #: 4260671, Fax: 4296665
www.sialkot.cantonment.gov.pk Email: cbsialkot@gmail.com

No.1-27/Advt/CBS/1368 Dated 09, June 2026

To

The Deputy Director (Advertisement)
Press Information Department,
Government of Pakistan,
Plot 204, Abu Bakar Block Garden Town,
Lahore.

Subject: - **PUBLICATION OF ADVERTISEMENT- GENERAL BUS STAND**

Please arrange for publication of advertisement notice nationwide according to the following requirements.

| Sr. | City | Newspaper | Date of Publication | Language | No. of Insertion | Size |
|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | Gujranwala / Lahore/ Sialkot | Express | on or before 11-06-2026 | Urdu | One | Inner page Classified Column |
| ii. | | Dawn | | English | One | -do- |
| iii. | | Dunya | | Urdu | One | -do- |

2. It is requested that the public notice may please be published in the above newspapers as these are widely read. **The publication of advertisement in the newspapers other than specified above cannot achieve the above desired purpose. As such, you are requested not to please change the newspaper for publication of the enclosed notice. As the funds are only available to meet the cost of advertisement to the extent of requirements specified, the undersigned will not accept the claim received over and above the given requirement. You are, therefore, requested to please strictly adhere to the specified requirement.**

3. It certified that necessary funds within the sanctioned budget/grant are available to meet the entire cost of advertisement only for 03 newspapers, as such above advertisement may please be got published in 03 daily Newspapers only. The bill may please be forwarded to the undersigned for payment in due course of time.

**(Naveed Nawaz)**
Cantt Executive Officer
Sialkot Cantt

Encl: **(As above)**
Copy to:-
1. IT Branch - To upload the advt. on PPRA Portal and CBS website.
2. Master File

CamScanner

# ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ

## کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ

## نیلام عام حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ برائے حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ بمطابق شیڈول سیالکوٹ کنٹونمنٹ بورڈ برائے 01 سال یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء مورخہ 29 جون 2026ء بوقت 02 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ درج ذیل شرائط پر نیلام کر رہا ہے۔

**شرائط:۔**

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ Rs:10,000,000/- (ایک کروڑ) کی کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کینٹ بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور نمائندہ کی صورت میں اتھارٹی لیٹر بمعہ شناختی کارڈ جمع کروانا ہوگا۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کر دی جائے گی۔ (نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی)

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/10th حصہ بطور سیکورٹی جس میں زر بیعانہ مبلغ ایک کروڑ ایڈجسٹ کرنے کے بعد بقایا رقم بولی کے بعد 03 دن کے اندر اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ اور یہ 1/10th بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کے پاس رہے گی جو کامیاب ٹھیکہ کے اختتام پر واپس کر دی جائیگی۔ 1/10th حصہ کی بقایا رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔

3۔ جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ کی بولی عرصہ ایک سال کے لیے ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم 12 مساوی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگی اور 10 تاریخ تک جمع نہ کروانے کی صورت میں فی یومیہ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کرنے اور 10 تاریخ کے بعد عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور سیکورٹی ضبط کرنے کا اختیار کنٹونمنٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کو حاصل ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ فیس کنٹونمنٹ بورڈ کے مقررہ کردہ شیڈول کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہوگا شیڈول کی کاپی دفتر ہذا سے لی جا سکتی ہے۔ اور چارجنگ کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ / ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کو جرمانہ کرنے یا ٹھیکہ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ کے تمام پانی و بجلی کے بل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کے نادہندگان بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے

8۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا مجوزہ انکم ٹیکس حکومت پاکستان / ایف بی آر / حکومت پنجاب کے قوانین کے تحت جمع کروانا ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد 15 یوم کے اندر دفتر ہذا سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ جنرل بس سٹینڈ میں صفائی ستھرائی رکھنے کی ذمہ ٹھیکیدار کی ہوگی۔

11۔ انتظار گاہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔

12۔ وصولی اڈا فیس کے لیے باقاعدہ کاؤنٹر مختص کرنا اور رسید کا اجراء ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔ اور ٹھیکیدار رسیدات کا تمام ریکارڈ کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کو ماہانہ بنیاد پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

13۔ کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس لاہور ریجن ثالث ہوگا اور اسکا فیصلہ دونوں پارٹیوں پر من و عن لاگو ہوگا۔

14۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ریونیو سپرنٹنڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

15۔ مجاز اتھارٹی کسی بھی بولی کو PPRA RULES کے تحت کسی بھی وجہ سے مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جس کا عذر ادارہ بتانے کا پابند نہ ہوگا اور کامیاب بولی تابع منظوری بورڈ ہوگی۔

16۔ نیلامی بمطابق قواعد ضوابط پیپرا رولز 2004ء عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
سیالکوٹ کینٹ

CamScanner